...کا دروازہ ... چالیس آدمیوں سے بھی اٹھایا نہیں جاسکتا ہے۔

۷۔ قواعد:

۱۔ مرکب کسے کہتے ہیں؟

ج۔ ایک سے زائد لفظوں کے مجموعے کو مرکب کہتے ہیں۔

مثال: صبح وشام، شب وروز، شیر خدا، حکم الٰہی

۲۔ لقب کسے کہتے ہیں؟

ج۔ کسی شخص کے نام کو لقب کہا جاتا ہے جو شہرت یا حقارت کی بنا پر پڑا ہو۔

@@@@@@@@@@@@@@@@@@

ساتویں جماعت

سبق:2 پڑوسی کا حق

۱۔ ان الفاظ کے معنی لکھو:

۱۔ شوروشغب: ہنگامہ ۲۔ ریاضت: محنت ۳۔ طینت: اصل، خصلت، سرشت

۴۔ خلل: بگاڑ، فتور، رخنہ ڈالنا ۵۔ شغل: کام، پیشہ ۶۔ غرق: ڈوبا ہوا

۷۔ جانچ: پرکھنا، پڑتال، اندازہ لگانا ۸۔ بری: آزاد، چھوٹا ہوا

۹۔ جرمانہ: وہ روپیہ جو کسی جرم یا غلطی کی پاداش میں وصول کیا جائے، ڈنڈ، مالی سزا

۱۰۔ حسن سلوک: اچھا برتاؤ، اچھا رویہ

II۔ جوڑ لگائیے:

۱۔ جاپان	قصبہ کا نام
۲۔ شیخ صاحب	حسن سلوک
۳۔ پڑوسی	شرمندہ
۴۔ موسیقی	شور و شغب
۵۔ پولیس	تھانہ

III۔ صحیح حروف کی مدد سے ان الفاظ کو مکمل کیجیے:

۱۔ پڑوسی = (صی، سی) ۲۔ حاکم = (حا، ہا)

۳۔ درخواست = (خوا، قوا) ۴۔ طالب = (تا، طا)

۵۔ شیخ صاحب = (سا، صا)

IV۔ حروف کو صحیح طور سے ملا کر لفظ لکھیے:

۱۔ ط ب ی ع ت = طبیعت ۲۔ غ ر ق = غرق

۳۔ م ش غ و ل = مشغول ۴۔ ر ی ا س ت = ریاست

۵۔ ہ د ا ی ت = ہدایت ۶۔ م س ت = مست

۷۔ ش غ ل = شغل

V۔ ان الفاظ کے اضداد لکھیے:

۱۔ نفع = نقصان ۲۔ نیک = بد ۳۔ پاک = ناپاک ۴۔ تنگ = کش

۵۔ شور = خاموش

VI۔ ان سوالوں کے جواب ایک جملوں میں لکھیے:

۱۔ شیخ عبدالقادرؒ کا سارا وقت کس طرح گزرتا تھا؟

ج۔ شیخ عبدالقادرؒ کا سارا وقت عبادت اور ریاضت میں گزرتا تھا

۲۔ شیخ عبدالقادرؒ کا پڑوسی کس طرح خلل اندازی کرتا تھا؟

ج۔ شیخ عبدالقادرؒ کا پڑوسی موسیقی سے عبادت خلل اندازی کرتا تھا۔

۳۔ شیخ عبدالقادرؒ کیوں فکرمند ہوئے؟

ج۔ پڑوسی کے گھر سے گانے بجانے کی آوازیں نہ آنے پر فکرمند ہوئے۔

۴۔ پاس پڑوس سے دریافت کرنے پر شیخ عبدالقادرؒ کو کیا پتہ چلا؟

ج۔ پاس پڑوس سے دریافت کرنے پر پتہ چلا کہ کسی بات پر پڑوسی کو پولیس پکڑ لے گئی ہے۔

۵۔ تھانے میں حاکم سے شیخ عبدالقادرؒ نے کیا درخواست کی؟

ج۔ حاکم سے عبدالقادرؒ نے یہ درخواست کی کہ جرمانے کی ادائیگی سے میرے پڑوسی کو معاف کیا جا سکتا ہے تو آپ مجھے جرمانہ ادا کرنے کی اجازت دیجیے۔

۶۔ شیخ عبدالقادرؒ نے پڑوسی کو کس طرح پولیس سے رہا کروایا؟

ج۔ شیخ عبدالقادرؒ کی درخواست کو قبول کرتے ہوئے حاکم نے پڑوسی کو رہا کر دیا۔

۷۔ پڑوسی پر کس بات کا اثر ہوا؟

ج۔ شیخ عبدالقادرؒ کے حسن سلوک کا پڑوسی کے دل پر گہرا اثر پڑا۔

۸۔ پولیس سے رہا ہو کر پڑوسی نے کیا کیا؟

ج۔ پولیس سے رہا ہو کر پڑوسی بے حد شرمندہ ہوا، معافی مانگی اور آئندہ اس قسم کی حرکت سے باز رہنے کا عہد کر کے توبہ کر لی

@@@@@@@@@@@@@@@@@@@@@@